# سامبا بینک لمیٹڈ کے سترہویں سالانہ
# اجلاسِ عام (AGM) کے نوٹس کی بابت ضمیمہ

یہ اشتہار COVID-19 (کورونا وائرس) سے پیدا شدہ موجودہ صورتحال کی وجہ سے شیئر ہولڈرز کو پہلے ہی بھیجے گئے 17 ویں سالانہ اجلاسِ عام ("AGM") کے نوٹس اور 6 مارچ 2020 کو اخبارات میں شائع ہونے والے نوٹس کے اشتہار جو ابتداً 27 مارچ 2020 کو منعقد ہونا طے تھا اور 26 مارچ کو اخبارات میں شائع ہونے والے AGM کے التوا کے نوٹس کی بابت ضمیمہ ہے۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر 5 مورخہ 17 مارچ 2020 کے تحت، لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ COVID-19 (کورونا وائرس) سے پیدا شدہ موجودہ صورتحال کی روشنی میں شیئر ہولڈرز کی فلاح و بہبود کیلئے سالانہ اجلاسِ عام ("AGM") کے لئے اپنی معمول کی منصوبہ بندی میں ترمیم کریں۔

اس مناسبت سے، بینک نے اپنا ابتدائی پروگرام تبدیل کرتے ہوئے 21 اپریل 2020 کو دوپہر 12:00 بجے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے، جو کسی خاص مقام پر منعقد نہیں ہوگا۔ بینک کی شیئر ٹرانسفر کی کتب 15 اپریل 2020 سے 21 اپریل 2020 تک بند رہیں گی (بشمول دونوں دن) مجاز شیئر ہولڈرز جن کے نام 14 اپریل 2020 کو کاروباری اوقات کے اختتام پر بینک کے شیئر ٹرانسفر کی کتب میں درج ہوں گے اور جو آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے اس سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں انہیں مندرجہ ذیل تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کمپنی سیکرٹری کے دفتر میں سالانہ اجلاسِ عام کے انعقاد سے کم از کم 24 گھنٹے قبل (یعنی 20 اپریل 2020 دوپہر 12:00 بجے سے پہلے) رجسٹر کروانے کی درخواست کی جاتی ہے۔

ای میل: agm@samba.com.pk

واٹس ایپ نمبر: **0307-3278728**

برائے مہربانی اپنی شناخت کیلئے اپنے نام، CNIC نمبر، فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر اور شیئرز کی تعداد کا حوالہ دیں۔

دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی جانب سے مذکورہ بالا معلومات کی وصولی کے بعد، بینک لاگ اِن کی تفصیلات/ پاس ورڈ ان کے ای میل ایڈریس/ واٹس ایپ نمبر پر بھیجے گا۔ شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاسِ عام میں کسی بھی مناسب جگہ سے اپنے اسمارٹ فونز یا کمپیوٹر کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام کی کارروائی میں لاگ ان ہو سکتے ہیں اور ان میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔

ممبرز مذکورہ ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹم سے متعلق اپنے تاثرات/تجاویز بھی بھیج سکتے ہیں۔

شرکاء کو اجلاسِ عام میں شرکت کے لئے لاگ اِن کی سہولت اجلاس کے وقت سے 30 منٹ پہلے کھول دی جائے گی۔ برائے مہربانی نوٹ کرلیں کہ صرف ایسے شیئر ہولڈرز، جو پہلے ہی مذکورہ عمل کے ذریعے رجسٹر ہو چکے ہیں، اجلاسِ عام میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔

حسب الحکم بورڈ

ضیاء الحسنین شمسی
کمپنی سیکریٹری

کراچی:
11 اپریل، 2020

SambaPhone: 11 11 SAMBA (72622) visit us at www.samba.com.pk

samba bank سامبا بینک